Official Spokesperson's response to media queries on developments in Libya

September 28, 2020

لیبیا میں پیشرفت سے متعلق میڈیا کے سوالات پر سرکاری ترجمان کا جواب

ستمبر 28، 2020

لیبیا میں پیشرفت سے متعلق میڈیا کے سوالات کے جواب میں سرکاری ترجمان شری انوراگ سریواستو نے کہا کہ

ہم لیبیا میں ہونے والی پیشرفتوں پر کڑی نگاہ رکھے ہوئے ہیں، اور برلن کانفرنس اور قاہرہ اعلان کے بعد لیبیا میں اقوام متحدہ کے تعاون مشن (یو این ایس ایم آئی ایل) کے زیراہتمام مراکش اور مونٹریکس، سوئٹزرلینڈ میں ہونے والی بات چیت میں انٹرا لیبیا مکالمہ میں پیشرفت کو نوٹ کیا ہے۔ ہم لیبیا کی خود مختاری، اتحاد اور علاقائی سالمیت کا تحفظ کرتے ہوئے لیبیا کے عوام کی جائز امنگوں کو مدنظر رکھتے ہوئے انٹرا لیبیا مکالمہ کے ذریعے تنازعات کے پرامن حل کے لئے ان بین الاقوامی کوششوں کا خیرمقدم کرتے ہیں۔

نئی دہلی

ستمبر 28، 2020

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.